تبلیغی جماعت کی مشہور کتاب فضائلِ اعمال سے

کھڑے ہوکر سلام پڑھنے کا ثبوت

المرتب:۔ **فیض احمد رضوی** گریڈیہ، جھارکھنڈ موبائل نمبر +919835525554

تبلیغی جماعت کے افراد بڑی شدومد کے ساتھ معمولاتِ اہل،سنت کی مخالفت کرتے ہیں۔مثلاً صلاۃ وسلام، فاتحہ، میلادالنبی وغیرہ۔حالانکہ ان کے اکابر کی کتابوں میں متضاد باتیں ہیں۔کوئی کہتا ہے نبی ﷺ مرکرمٹی میں مل گئے،کوئی کہتا ہے نبی ﷺ زندہ ہیں،کوئی کہتا ہے نبی ﷺ نہیں سنتے،کوئی کہتا ہے نبی ﷺ سنتے ہیں،کوئی کہتا ہے نبی ﷺ کووسیلہ مت بناؤ،کوئی کہتا ہے نبی ﷺ کووسیلہ ضرور بناؤ وغیرہ۔نیچے فوٹو میں آپ دیکھ سکتے ہیں۔تبلیغی جماعت کی مشہور زمانہ کتاب فضائلِ اعمال میں مولوی الیاس نے اپنا عقیدہ بیان کیا ہے کہ نبی پاک ﷺ اپنی قبر میں زندہ ہیں سلام کا جواب دیتے ہیں،اور جب نبی کی بارگاہ پہنچو تو ادب واحترام کے کھڑے ہوکر سلام پڑھو۔تبلیغی جماعت والے بتائیں کہ تم حق پر ہو یا تمہارا مولوی،تمہارا مولوی تو لکھ رہا ہے کھڑے ہوکر سلام پڑھو،اور تم کہتے ہو مت پڑھو۔اگر تم یہ کہو گے مدینہ میں پڑھ سکتے ہیں،دوسری جگہ نہیں۔تمہارا یہ قول ہر لحاظ سے باطل ہوگا۔کیوں کہ شریعت کا قانون ہر جگہ کیلئے یکساں ہے۔ایسا نہیں ہوسکتا کہ شراب مکہ مدینہ میں حرام ہو اور دوسرے ممالک میں جائز۔آیتِ حل وحرمت ہر جگہ کے لیئے ہے۔کوئی اس سے مستثنیٰ نہیں ہے۔

والسلام کو کھڑے ہوئے نماز پڑھتے ہوئے دیکھا،حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ جب نعش مبارک کے قریب حاضر ہوئے تو حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ انور کو جو چادر سے ڈھکا ہوا تھا،کھولا اور اسکے بعد حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم سے خطاب کرتے ہوئے عرض کیا میرے ماں باپ آپؐ پر قربان۔اے اللہ کے نبیؐ اللہ جل شانہ آپؐ پر دو موتیں جمع نہ کریں۔ایک موت جو آپؐ کیلئے مقدر تھی وہ آپؐ پوری کرچکے (بخاری) علامہ سیوطیؒ نے حیات انبیاءؑ میں مستقل ایک رسالہ تصنیف فرمایا ہے۔اور فصل ثانی کی حدیث ۳ پر بھی مستقل یہ مضمون آرہا ہے کہ اللہ جل شانہ نے زمین پر یہ چیز حرام کررکھی ہے کہ وہ انبیاء علیہم السلام کے بدنوں کو کھائے۔علامہ سخاویؒ قول بدیع میں تحریر فرماتے ہیں کہ مستحب یہ ہے کہ جب مدینہ منورہ کے مکانات اور درختوں وغیرہ پر نظر پڑے تو درود شریف کثرت سے پڑھے اور جتنا قریب ہوتا جائے اُتنا ہی درود شریف میں اضافہ کرتا جائے اسلئے کہ یہ مواقع وحی اور قرآن پاک کے نزول سے معمور ہیں۔حضرت جبرئیلؑ حضرت میکائیلؑ کی بار بار یہاں آمد ہوئی ہے اور اسکی مٹی سید البشرؐ پر مشتمل ہے۔اسی جگہ سے اللہ کے دین اور اسکے پاک رسولؐ کی سنتوں کی اشاعت ہوئی ہے یہ فضائل اور خیرات کے مناظر ہیں۔یہاں پہونچکر اپنے قلب کو نہایت ہیبت اور تعظیم سے بھرپور کرلے۔گویا کہ وہ حضورؐ کی زیارت کررہا ہے اور یہ تو محقق ہے کہ حضورؐ اسکا سلام سُن رہے ہیں۔آپس کے جھگڑے اور فضول باتوں سے احتراز کرے اسکے بعد قبلہ کی جانب سے قبر شریف پر حاضر ہو اور بقدر چار ہاتھ فاصلہ سے کھڑا ہو اور نیچی نگاہ رکھتے ہوئے نہایت خشوع،خضوع اور ادب واحترام کے ساتھ یہ پڑھے:۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خِيَرَةَ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَيْرَ خَلْقِ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَبِيْبَ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدَ الْمُرْسَلِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا قَائِدَ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بَشِيْرُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

آپؐ پر سلام اے اللہ کے رسول،آپؐ پر سلام اے اللہ کے نبی،آپؐ پر سلام اے اللہ کی برگزیدہ ہستی۔آپؐ پر سلام اے اللہ کی مخلوق میں سب سے بہتر ذات۔آپؐ پر سلام اے اللہ کے حبیب،آپؐ پر سلام اے رسولوں کے سردار،آپؐ پر سلام اے خاتم النبیین،آپؐ پر سلام اے رب العالمین کے رسول،آپؐ پر سلام اے سردار اُن لوگوں کے جو قیامت میں روشن چہرے والے اور روشن ہاتھ پاؤں

تبلیغی جماعت کے عقائد و افکار پر۔ تبلیغی نصاب فضائل اعمال کا مطالعہ کریں۔ تبلیغی جماعت کے لیڈر کا فریب

فضائلِ اعمال

حکایاتِ صحابہ

فضائلِ تبلیغ

فضائلِ نماز

فضائلِ رمضان

فضائلِ درود

فضائلِ ذکر

فضائلِ قرآن مجید

شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کاندھلوی

مسلمانوں کی موجودہ پستی کا واحد علاج

شائع کردہ:۔ **تنظیم اہلِسنت**، مدھوپور، دیوگھر، جھارکھنڈ +919431175934